## سوال

(1224) جنتی مردوں کو حوریں ملیں گی جنتی عورتوں کے لیے کیا ہو گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے میں پاتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں مردوں کے حورعین انتہائی حسن وجمال والی عورتوں کو خوش خبری دی ہے۔ تو کیا عورت کے لیے آخرت میں اس شوہر کے علاوہ کوئی دوسرا شوہر نہیں ہو گا؟ اور جنت کی اکثر نعمتوں کا حوالہ مومن مردوں کے لیے ہے، تو کیا مومن عورتوں کا حصہ مردوں کی نسبت کم ہو گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آخرت کا ثواب مردوں اور عورتوں سب کے لیے برابر ہے، جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

أَنّى لا أُضيعُ عَمَلَ عـٰمِلٍ مِنكُم مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ ﴿١٩٥﴾... سورة آل عمران

''بلاشبہ میں تم میں سے کسی بھی عمل کرنے کا عمل ضائع نہیں کروں گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔''

اور فرمایا:

مَن عَمِلَ صـٰلِحًا مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ وَهُوَ مُؤمِنٌ فَلَنُحيِيَنَّهُ حَيو‌ٰةً طَيِّبَةً ﴿٩٧﴾... سورة النحل

''جس کسی نے بھی صالح عمل کیا، وہ مرد ہو یا عورت، اور مومن ہوا تو ہم اسے انتہائی پاکیزہ زندگی دیں گے۔''

اور فرمایا:

وَمَن يَعمَل مِنَ الصّـٰلِحـٰتِ مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ وَهُوَ مُؤمِنٌ فَأُولـٰئِكَ يَدخُلونَ الجَنَّةَ... ﴿١٢٤﴾... سورة النساء

''اور جس نے بھی نیک عمل کیے، وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہوا تو یہ سب جنت میں داخل ہوں گے۔''

اسی طرح سورہ احزاب کی طویل آیت ہے:

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٣٥﴾ ... سورة الاحزاب

''بلاشبہ اسلام لانے والے مرد اور اسلام لانے والی عورتیں، ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں ۔ ۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کے لیے بخشش اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے ۔''

اور ان سب کے لیے داخلہ جنت کی خوشخبری ہے :

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ ... ﴿٥٦﴾ ... سورة يس

''وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں ہوں گے ۔''

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ﴿٧٠﴾ ... سورة الزخرف

''تم اور تمہاری بیویاں جنت میں داخل ہو جاؤ وہاں تمہاری خاطر داریاں ہوں گی ۔''

عورتوں کے متعلق بالخصوص فرمایا کہ انہیں ایک دوسرا روپ دیا جائے گا ۔''

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ ... سورة الواقعة

''ہم انہیں بنائیں گے بنانا اور کردیں گے کنواریاں ۔''

یعنی اللہ تعالیٰ ان میں سے بوڑھیوں کو دوشیزہ اور کنواریاں بنا دے گا جیسے کہ بوڑھے مرد جواب بنا دیئے جائیں گے ۔ اور حدیث میں آیا ہے کہ دنیا کی عورتوں کو ان کی اطاعت اور عبادت کی بنا پر جنت کی حوروں پر فضیلت ہوگی ۔

الغرض صاحب ایمان عورتیں جنت میں جائیں گی جیسے کہ مرد جائیں گے ۔ اور اگر کسی عورت کے کئی مردوں سے نکاح ہو چکے ہوئے اور وہ سب جنت میں ہوئے، تو اسے ان میں سے کسی کو اختیار کر لینے کا موقعہ دیا جائے، اور پھر وہ اسے ہی چنے گی جو خلق میں سب سے بڑھ کر ہوا ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

# احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 866**

محدث فتویٰ